18/03/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت گُل سے خبریں سُنئے

بھارت اور نیوزی لینڈ

بھارت اور نیوزی لینڈ نے دفاع، تعلیم، کھیل کود، باغبانی اور جنگلات کے شعبوں میں پانچ اہم معاہدوں پر دستخط کئے ہیں۔نئی دلّی میں وزیرا□ظم نریندر مودی اور نیوزی لینڈ کے
ا

کے درمیان باہمی بات چیت کے دوران اِن معاہدوں پر دستخط Luxon ن کے ہم منصب کرسٹوفر± کئے گئے ۔

اس موقعہ پر دونوں ملکوں نے آزاد تجارتی معاہدے سے متعلق مذاکرات کے آغاز کا بھی ا□لان کیا۔

لیفٹننٹ گورنر

کنکلیو2025 سے MSMEلیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں میں انڈین چیمبر آف کامرس کے خطاب کیا ۔

ہماری اقتصادیات میں ایک اہم رول ادا کر رہی MSMEs اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ہیں۔انہوننے کہاکہ جموں کشمیر کو انٹر پرنیور شپ کا ایک مرکز بنانے اور روز گار کے زیادہ سے زیادہ مواقعے پیدا کرنے کیلئے زبردست کوششیں جاری ہیں۔

یونین سکریٹری

محکمہ انتظامی اصلاحات اور □وامی شکایات کے یونین سکریٹری وی سرینواس جو جموں کشمیر کے لئے مرکزی ٹاسک فورس کے سربراہ بھی ہیں نے ایک میٹنگ میں جموں کشمیر کے لئے مرکز کی طرف سے طے شدہ پروگراموں خصوصاً ترقیاتی سرگرمیوں سے متعلق جانکاری

حاصل کی ۔ انہوں نے کہا کہ مرکز اور ریاستوں نیز یوٹیز کے بیچ رابطوں کو آسان اور ثمر آور بنانے کے لئے یہ اس طرح کی پہلی کوشش ہے ۔

میٹنگ کی صدارت چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے کی۔ انہوں نے مرکزی معاونت والی سکیموں نیز پروگراموں کی موثر□مل آوری کے لئے ایک نقش راہ تیار کرنے کے لئے 8 اپریل کی حد مقرر کی ہے ۔

چیف سکریٹری

مکت مہم میں پیشرفت کا TB چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے محکمہ صحت کے ذریعہچلائی جا رہی جائزہ لینے کے لئے ایک ا□لیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ جموں میں تپ دق کے بڑھتے معاملات کا نوٹس لیتے ہوئے انہوں نے اس مسئلے سے مو

ثر طریقے پر نمٹنے کے لئے منظم حکمت□ملی کی ضرورت پر زور دیا۔ٔ

چیف سکریٹری نے ٹی بی فری پنچایتوں کے لئے طے کردہ معیارات کے بارے میں تفصیلات طلب کیں۔ انہوں نے سو دن کی اس مہم کی حصولیابیوں کو صحیح دستاویزی شکل دینے کی ضرورت بھی اجا گر کی ۔

مشن یووا

ویمن پولی ٹیکنک کالج بمنہ میں مشن یووا کے تحت سمال بزنس ڈیولپمنٹ یونٹوں اور بزنس ہیلپ ڈیسکس کے لئے تربیتی پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔ ان پروگراموں میں مختلف اضلاع کے مجموعی□ طور پر دو سو سے زیادہ افسران شرکت کر رہے ہیں ۔

مشن یووا کا مقصد نوجوان کاروباری افراد ، خاص طور پر خواتین میں مشینری اور طریقہ کار کے ذریعے بہتر صلاحیتیں پیدا کرنا ہے ۔

ڈپٹی کمشنر شوپیان

ڈپٹی کمشنر شوپیان ششر گپتا نے □یدالفطر اور نوراترا کے احسن انعقاد کے لئے ضلعی انتظامیہ کے سینئر افسران کی میٹنگ کی صدارت کی ۔ انہوں نے تمام لائن محکموں کے افسران کو ہدایت دی کہ وہ ان تہواروں کے مدِ نظر □وام کے لئے ضروری خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کریں ۔

ڈپٹی کمشنر نے ایک اور میٹنگ میں ضلعی کیپیکس بجٹ کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں اور کاموں کی پیشرفت کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ میں سال 2025-26 کے مجوزہ ڈسٹرکٹ کیپیکس ایکشن پلان پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سودن اور وائس چیئرمین ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل کپواڑہ حاجی فاروق احمد میر نے وادی لولاب کے وَرنو □لاقے میں باغِ شہجار ایکو پارک کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر اور وائس چیئرمین نے ”ایک پیڑ ماں کے نام“ مہم کے تحت چنار کے پودے لگائے۔

وادی لولاب میں ایکو ٹورازم کو فروغ دینے نیز قدرتی ورثے کے تحفظ کے لئے اس پہل کی □وامی سطح پر سراہنا کی گئی ۔

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ

جنریشن پروگرام کی □مل Employment ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیرپا نے پردھان منتری کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی۔ Implementation آوری کے بارے میں ڈسٹرکٹ لیول

انہوں نے بینکوں کو ہدایت دی کہ وہ ایک خصوصی ہیلپ ڈیسک قائم کر کے اس سکیم کے تحت در دست لئے گئے معاملات کے دستاویزی لوازمات کو آسان بنائیں ۔

گاندربل

محکمہ دستکاری گاندربل نے لائیو لی ہُڈ مشن کے اشتراک سے طلباءمیں بیداری اور صلاحیت سازی کو بڑھاوا دینے کے لئے ایک جانکاری پروگرام کا انعقاد کیا ۔ پروگرام میں طلباءکو مرکزی و یوٹی سرکاری طرف سے ہنر مندی کے حوالے سے چلائی جا رہی اسکیموں کے بارے میں جانکاری فراہم کی گئی ۔

اس کے □لاوہ دیگر مالی معاونت والی سکیموں سے متعلق آگاہی بھی طلباءکو فراہم کی گئی ۔

بمنہ

کوآپریٹیوز‘ کی تقریبات کے ایک حصے کے طور پر ڈپٹی رجسٹرار Year of انٹرنیشنل ’ کوآپریٹو سوسائٹیز سرینگر کی طرف سے □بدالاحد آزاد میموریل ڈگری کالج بمنہ میں ایک مباحثہ منعقد کیا گیا جس کا موضوع ”معیشت کے لئے کوآپریٹو ماڈل- سرمایہ داری کا ایک قابل

□مل متبادل“ تھا ۔ مقررین نے اس مباحثے میں کوآپریٹوز کی موجودہ دنیا میں اہمیت کو اجا گر کیا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ